Har Bacha Mehfooz - Safe, Secure and Protected

# SAHIL

sahil.org

October-December 2020

www.sahil.org https://www.facebook.com/sahil.ngo https://twitter.com/sahil_NGO mag@sahil.org



# Back To School





# ALERT !

## Do not take any free gifts from anyone



## #SafetyFirst

www.sahil.org

Sahil
against child sexual abuse
Har Bacha Mehfooz

# Content


1. Editorial 01
2. Life Lesson 02
3. Sitara-i-Imtiaz 03
4. Safe return to school 04
5. Poem 05
6. Riddles 06
7. Answers of Riddles 07
8. Never Lose Hope 07
9. Vocabulary Puns 08
10. Sahil Puppet Show 08
11. Kids Art 09
12. Word Search 10
13. Children Needs Attention 10
14. Facts about Pakistan 11


Please send us your paintings, stories, poems or any jokes for the magazine.


To
The Editor,
SAHIL Head Office 13, First Floor Al-Babar Center, F-8 Markaz, Islamabad, Pakistan
E-mail: mag@sahil.org


# Editorial

Hello Kids! Asalam-ul-Aikum

Hope you are fine and safe from COVID-19.

As schools are reopening, it's important to take precautionary measures both inside and outside the classroom to prevent the spread of COVID-19.

This pandemic has been hard for everyone. We know that you all are excited to go back to school and to meet your friends and teachers. But as you are heading back to school, you need to be careful because we all are at risk. Please don't forget basic protective steps of wearing masks, sanitizing your hands and not sharing food!

Sahil publishes its children magazine in the fourth quarter of each year. We are excited that you are ready to read the content on new topics.

In this current issue you will read about the precautionary measures to protect yourselves from the coronavirus, interesting facts about Pakistan, poems, short stories, riddles, and much more.

We welcome your feedback in our mission to produce valuable content for you!

You can also share your poems, stories, paintings, and other content for our next children magazine.

You can send your opinions & contributions in a letter to Sahil, at office # 13, 1st Floor, Al-Babar Centre, F-8 Markaz, Islamabad, or by email to mag@sahil.org


Senior Editor: Manizeh Bano
Editors: Waqas Hameed
Maryam Khalid
Sohail Ahmed
Design & Layout by: Muhammad Rehan



Phone: (051)2260636, 2856950, Fax: (051)2254678
info@sahil.org, www.sahil.org

# LIFE LESSONS

We often complain that people cheat us. We are sincere but others take advantage of our simplicity. Sometimes we can be right, but sometimes we help someone out because we have an ulterior motive. When we get what we deserve, we blame others because we think we are good and the other one is bad. If this has happened to you, think about it with a clear mind. And, instead of cursing fate, approach your problems with a will to do everything in your power to solve them. Give your hundred percent, and then leave things to God.

Here are a few thoughts for those who want to do things that are right instead of blaming luck, insincere friends and, of course, our corrupt leaders and system.

If you are a student, don't try to cut corners. Stop relying on 'guess papers' and 'past papers'. They may help you clear that exam, but you will be the poorer for it; you won't have the knowledge you are supposed to have.

A doctor Saeed shares "My friends got great GPs by cheating, using short books and past papers, and made fun of me when I refused to do it. I did not use the shortcuts because as a student of medicine, I knew that if I missed something because it was not 'important' for a particular exam, I would rue the day I got a patient with that particular medical problem. Sure, doctors learn through trial and error, but it should not be because they were lazy enough to skip a particular topic as it wasn't important from the examination point of view."

Parents sometimes do the homework and assignments of their children out of misguided love. "My son often used to go to bed without doing his arithmetic homework, and his Math teacher was very strict. I used to solve my son's arithmetic sums so that his teacher would not punish him for not doing homework. The problem started when he got promoted to fifth standard, as the things in his text book were not what I had done during my school years, and I was at a loss as to what I should do. I discussed the problem with my husband and he pointed out that if I had let my son do his own work, he wouldn't have become dependent on me. He just started taking it for granted that I would do his homework while he whiled away his time playing video games. I leant my lesson, and not too soon either. We think we are helping children by doing their work, instead, we should help them do their work.

Reference: https://www.thenews.com.pk/magazine/us/726433-its-the-thought-that-matters

# Bilawal Latif

## Youngest Author

Bilawal Latif is a 12-year-old from Peshawar. Bilawal was born in Waziristan but later moved to Peshawar with his family after militancy spread in the region in 2014.




He is the world's youngest authors.

Bilawal is a seventh grade student at the Army Public School in Kohat and lives in the hostel. His best friends include libraries, books and evening strolls with nature.

Bilawal wrote a book about the Pashtoon heros to bring pride for Pashtoon people. Because there are misconceptions in the West that Pashtoons are illiterate, he wanted to end this myth.
His book includes stories of great warriors such as Ahmed Shah Abdali.

It took him three years to write the book. “If you want to write a good book, you have to do a lot of research, check facts and take out references,”.

Latif has already started working on his next book, which is based on the people of Balochistan. “I want to explore the culture of the province and learned about the people.


## Sitara-i-Imtiaz

The Sitara-i-Imtiaz (Urdu: ستارۂ امتیاز), “Star of Excellence”, is the third highest award and honour given to the citizens of Pakistan as well as foreigners. While, it is a civilian award but can be awarded to military officers of Pakistan Armed Forces.


It is one of the most distinguished civil decorations to the civilians who have made outstanding contribution in their respected fields such as literature, arts, sports, medicine, or science, which lead toprompted the recognition of the country on an international level.

# SAFE RETURN TO SCHOOL

## Instructions for Children



Wash your hands for 20 seconds



Maintain a 6 feet distance



Avoid shaking hands and hugs



Wear mask before going to school




Cough or Sneeze in a flexed elbow or tissue



Do not share your belongings with others



Keep a bottle of sanitizer in your bag



Use sanitizer to disinfect your desk and chair

# Poems

## ITS TIME TO RUN

To have some fun
To meet the friend
And dance with them
To grow and play
In backyard with clay
Its time for school
Without any delay
Hurry, hurry
Carry your bag
Say goodbye to Dad
Hey! Wait
Look at the school gate
Its your task
To wear your MASK

The teacher is waiting
To lave your hand
Say "hello!" to all
But stay far away
Look at your class
Its all same place
Sit with your mates
But give some SPACE
Take out your book
And don't ask for PEN
Just bring your own
SHARING is no more

## HAPPY BIRTHDAY TO MY SCHOOL

AISHA FARAZ

You are the best School,
You are also very cool,
Your work so hard to develop our skills,
You make us confident and strong.
You give us hope,
Always encourage us to do our best,
We all are your shining Stars,
Proud to be your part
May all Your wishes come true,
May Allah blessings Shower upon you.

## MY WORLD

AISHA FARAZ

Roof Says "Aim high"
Fan Says "Be cool"
Clock Says "Every minute is precious2
Mirror Say "Reflect before you act"
Window Says "See the world"
Calendar Says "Be up to date"
Door Says "Don't miss upcoming opportunity"
Bed Says "Go to sleep"
This is my little world

## MY BEST

AISHA FARAZ


I will do my best, and I would not do any Less.
My work will always please me,
And I would not accept any mess.
I will colour every carefully,
My writing will be neat.
I would not forget my promise,
To do my very best.

## BACK TO SCHOOL

SUMARIYA FAROOQ

Back to School!
I think its Cool!
I am not a fool,
Buying the tools,
Used in School,
Following the rules,
Dedicated to school,
I think its cool,
Going Back to School!

# Riddles



**Saleh Abdul Haq , Class: 3**
**Allied Public School**

1. I am full of holes; I can hold water. What am  i?

2. What are two things people never eat before breakfast?

3. What has two hands and a face, but no arms and legs?

4. What is it the more you take away the larger it becomes?

5. What can not be used until it's broken

6. What has many keys but can not open any door?

7. Re-arrange the letters, O O U S W T D N E J R, to spell just one word. What is it?

8. How can you say rabbit without using the letter R?

9. I am strong enough to smash ships, but I fear the Sun. What am I?

10. I am not alive, but I grow; I don't have lungs, but I need air; I don't have a mouth, but water kills me. What am I?

11. What belongs to you, but other people use it more than you?

12. I am six letters. When you take one away I am twelve. What am I?



For Answers see the next page


## Answers of Riddles


1

Sponge

2

Lunch and Dinner

3

Clock

4

Hole

5

Egg

6

Piano

7


Just one Word

8


Bunny

9

Ice

10

Fire

11


Your Name

12


The Word Dozens

## Never lose Hope

Athar belonged to a poor family in a small village. From his childhood, he had set a goal to become a doctor and help the poor. To achieve his goals, Athar work hard but when he appeared in the medical entrance test, he failed.

It coms as a shock to him and he locked himself in his room, refusing to eat and drink. After a few days, Athar came across a magazine in which a renowned doctor had been interviewed. The doctor had talked about many hardships that he faced in his life to become a doctor and achieve success. In the end of his interview, the doctor said that a person should never lose hope, he must always continue to struggle.

After reading the interview, Athar realised that if the doctor, who had seen so many hardships in life and had never lost hope, then why was he losing hope after just one failure?

Ater realising this, Athar started studying hard for the entrance test of another medical college.

This time he was not only selected but also got a scholarship.

Now Athar vowed that he would never lose hope and would always work hard to achieve things,

Because life is another name for continuing to work hard and struggle.

# Vocabulary Puns

Zeeshan Saeed
Class: 5th Muslim Public School

| Accountant | Auditor | Economist | Statistician | Programmer | Mathematician |
|---|---|---|---|---|---|
| Someone who knows the cost of everything and the value of nothing | Someone who arrives after the battle and bayonets all the wounded | An expert who will know tomorrow why the things he predicted yesterday did not happen | Someone who is good with numbers but lack the personality to be an accountant | Someone who solves a problem you did not know you had in a way you don't understand | A blind man in a dark room looking for black cat which is not here |

| Lawyer | Psychologist | School Teacher | Consultant | Diplomat |
|---|---|---|---|---|
| A person who writes a 10,000 word document and calls it a brief | A man who watches everyone else when a beautiful girl enters the room | A disillusioned woman who used to think she liked children | Someone who takes the watch off your wrist and tells you the time | Someone who can tell you to go to hell in such a way that you will look forward to trip |

# Sahil Puppet Show

Children like to watch puppet shows, animations and cartoons these may also influence their behaviour and habits.

A puppet show that has been developed by Sahil, is designed to promote awareness regarding body protection among children.

It also aims to minimize communication gaps between children and parents.

The puppet show teaches children about making friends, and protecting themselves from a harmful environment.

It also contains message of respect and trust for others, sharing and know who may help them in difficult situations.


# Kids Art



Noor-un-Nisa
Class 5, Sukkur



Mashal Ayaz
Class 6, Rawalpindi




Hooriya
Class 6, Rawalpindi



Sarib
Class 4, Jaffarabad



Farzana
Class 2, Sukkur




Maryam Nasir
Class 4, Abbotabad



Mashal Ayaz
Class 6, Rawalpindi

# Word Search

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | F | G | H | A | N | I | S | T | A | N | Y |
| X | B | R | U | S | S | I | A | V | B | A | Y |
| A | L | L | B | Y | Y | A | I | T | G | T | S |
| R | A | X | A | E | H | N | U | U | Y | S | E |
| A | N | C | N | K | T | I | X | R | N | I | N |
| B | K | I | G | R | I | H | K | K | I | K | I |
| I | A | K | L | U | M | C | B | M | A | A | P |
| A | W | G | A | T | C | S | D | E | R | P | P |
| M | H | V | D | M | A | J | L | N | H | Y | I |
| V | H | G | E | E | M | H | L | I | A | S | L |
| I | N | W | S | S | B | V | J | S | B | A | I |
| I | I | N | H | V | O | M | T | T | P | U | H |
| N | C | R | P | T | D | W | L | A | R | D | P |
| Z | O | I | S | Z | I | V | K | N | I | I | G |
| E | N | V | E | X | A | W | E | I | G | H | T |

## Word List

| | |
|---|---|
| AFGHANISTAN | PHILIPPINES |
| BAHARAIN | RUSSIA |
| BANGLADESH | SAUDI |
| CAMBODIA | ARABIA |
| CHINA | TURKEY |
| PAKISTAN | TURKMENISTAN |

# Children Need Attention

Jeet Healing Centre Offers
Free Counseling through
In Person, Email, Telephone
For
All psychological issues including Trauma of child sexual abuse
Confidentiality is strictly maintained
051-2850574



# Facts about Pakistan

**Mariyam Shahid, Class 4**
**Multan**

## World's largest Ambulance Network




Edhi Foundation is Pakistan's largest non-profit social welfare program. It runs the world's largest ambulance network in Pakistan.

## The Shah Faisal Mosque



Shah Faisal Mosque is a massive mosque in Islamabad that can hold 100,000 worshippers at the same time. It's one of the largest mosques in the world and opened already in 1986.

## The Highest Numbers of Freelancers

freelancer


There are some 1.15 million Pakistanis that are so-called freelancers. Many of them are working within Graphic Design, , Social Media, Customer Service, and various IT-related businesses.

## The World's Second Largest Salt Mines



Khewra Mines produce 325,000 tons of salt per year. The mammoth mines have over 40 km of tunnels along with their own mosque inside. To attract tourist's salty miniature versions of the Great Wall of China, Minar-e-Pakistan and Badshahi mosque is also inside there.

## The Tharparkar Desert




Deserts are known to be arid and non-fertile lands, but the Tharparkar desert is an exception. It's the only fertile desert in the world and by size, it ranks as the 7th largest desert in the world.

## The Karakoram Highway



The Karakoram Highway connects Pakistan and China after passing through the Karakoram mountain range at 4714 meters, making it the highest paved international road in the world.

## The World's largest man made Forest



Changa Manga is one of the largest man-planned and man grown forests in the world. It covers the area of approximately 12,000 acres.

# کورونا سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر


















# میری حفاظت

## مُنّی اور بڑا دوست



مُنی نے اپنی امّی کو بتایا ''امّی آج کھیل کے میدان میں ایک نیا لڑکا میرا دوست بنا ہے''

''اسکی عمر کتنی ہے''؟ امّی نے پوچھا

''وہ مجھ سے چار سال بڑا ہے کیونکہ وہ مجھ سے چار جماعتیں آگے ہے''۔



مُنی کی امّی نے کہا ''ہم عمر لڑکوں سے دوستی رکھنا بہتر ہوتا ہے کیونکہ بڑے بچے چھوٹے بچوں پر رعب ڈال سکتے ہیں۔ مُنّو تمہارا اچھا دوست ہے وہ تمہارا ہم عمر ہے اور تمہاری جماعت میں بھی پڑھتا ہے۔ تم اس کے ساتھ کھیلا کرو''۔






## دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان:



کھیوڑہ کی کان سے ہر سال تین لاکھ ۲۵ ہزار ٹن نمک نکلتا ہے۔ یہ کان ۴۰ کلومیٹر پر پھیلی سرنگوں پر مشتمل ہے جس میں ایک مسجد بھی موجود ہے۔ سیاحوں کی دلچسپی کے لیے نمک سے بنے دیوار چین، مینار پاکستان اور بادشاہی مسجد کے خوبصورت نمونے تراشے جاتے ہیں۔

## تھرپارکر کا صحرا:




صحرا کو غیر زرخیز اور بنجر زمین کہا جاتا ہے مگر صحرائے تھرپارکر کی نرالی بات یہ ہے کہ یہ نہ صرف دنیا کا واحد زرخیز صحرا ہے بلکہ رقبے کے اعتبار سے دنیا کا ساتواں بڑا صحرا ہے۔

## شاہراہ قراقرم:



شاہراہ قراقرم سلسلہ کوہ قراقرم سے گزرنے کے بعد پاکستان کو چین سے ملاتی ہے۔ چار ہزار ۱۴۱۷ میٹر لمبی قراقرم شاہراہ دنیا کی لمبی ترین شاہراہ کہلاتی ہے۔

## انسانوں کا بنایا ہوا دنیا کا سب سے بڑا جنگل:



چھانگا مانگا انسانی منصوبے اور مدد سے بنایا ہوا دنیا کا سب سے بڑا جنگل ہے۔ یہ ۱۲ ہزار ایکٹر کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔

# پاکستان کی معلومات



مریم شاہد، پانچویں جماعت




**دنیا کا سب سے بڑا ایمبولینس نیٹ ورک:**

ایدھی فاؤنڈیشن پاکستان کا سب بڑا غیر منافع بخش فلاحی ادارہ ہے۔ اس کے زیر انتظام پاکستان میں دنیا کا سب سے بڑا ایمبولینس نیٹ ورک چلتا ہے۔



**شاہ فیصل مسجد:**

شاہ فیصل مسجد پاکستان کے دار لحکومت میں واقع ایک انتہائی شاندار مسجد ہے جہاں بیک وقت ایک لاکھ افراد نماز ادا کر سکتے ہیں۔ یہ دنیا کی سب سے بڑی مساجد میں سے ایک ہے جس کا افتتاح ۱۹۸۶ میں ہوا۔

**فری لانسرز کی بڑی تعداد:**

پاکستان میں دس لاکھ سے زائد فری لانسرز یعنی گھر بیٹھے انٹرنیٹ سے پیسے کمانے والے افراد ہیں۔ ان میں سے ایک بڑی تعداد گرافک ڈیزائنگ، سوشل میڈیا، کسٹمر سروس اور مختلف آئی۔ٹی کے شعبے سے منسلک کاروبار سے جڑے ہیں۔

# بچوں کی حفاظت

## اسکول واپسی کے لئے والدین کو ہدایت

★ روزانہ معمول کے ساتھ اپنے بچے کا باڈی ٹمپریچر چیک کریں اگر 37.5 سے زیادہ ہو تو اسے اسکول مت بھیجیں۔

★ اگر اس کا گلہ خراب ہو، یا پھر نزلہ، کھانسی، سر درد، یا ومیٹنگ وغیرہ ہو یا صحت خراب ہو تو اسکول مت بھیجیں۔

★ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں اچھی طرح ہاتھ دھونے کو کہیں۔

★ اپنے بچوں سے حفاظتی اقدامات کے بارے میں بات کریں۔

★ ہاتھوں کو بار بار اور اچھے سے دھونا

★ دوسرے بچوں سے کم از کم 1 میٹر کا فاصلہ رکھیں

★ فیس ماسک کا استعمال کرنا (6 سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے ضروری نہیں)

★ اپنی چیزیں اور کھلونے دوسرے بچوں کے ساتھ شیئر مت کریں

★ اپنے بچے کو ایک ایکسٹرا ماسک دے کر اسکول بھیجیں۔ (6 سال سے کم بچوں کے لئے ضروری نہیں)

★ اگر آپ کے بچے کو کوئی بیماری ہے جس کیلئے اسے اسکول میں ٹریٹمنٹ کی ضرورت ہے تو اپنے فیملی ڈاکٹر سے سرٹیفیکیٹ بنوالیں۔ جو آپ کو اسکول میں پیش کرنا ہے

★ اگر آپ کا بچہ کسی وجہ سے ماسک استعمال نہیں کرسکتا تو اس کو بتادیں کہ اس کے آس پاس کے لوگ ماسک پہن کے رکھیں گے۔

★ اسکول آنے سے پہلے اس کی ویب سائٹ پر اچھے سے پڑھ لیں کہ اسکول میں کہاں سے کیسے اور کتنے بجے انٹری ہوگی۔

★ ٹائم کی پابندی کا خاص خیال رکھیں۔

★ اگر آپ کے بچے کو کوئی الیرجی وغیرہ ہے جس وجہ سے وہ اسکول نہیں آسکتا تو آپ کو اس کے ڈاکٹر سے سرٹیفیکیٹ بنوانا پڑے گا۔

## اقوال زریں

★ اچھے انسان کے ساتھ اچھے رہو لیکن بُرے کیلئے
بُرے مت بنو کیونکہ تم پانی سے خون صاف
کر سکتے ہو لیکن خون سے خون صاف نہیں کر سکتے۔

★ خوش اخلاق لوگوں سے خوش اخلاقی سے پیش آنا کمال نہیں بلکہ
بداخلاق لوگوں سے خوش اخلاقی سے پیش آنا کمال ہے۔

★ دنیا کی سب سے قیمتی خوشی وہ ہوتی ہے جب تمہارے ماں باپ
تمہاری وجہ سے مسکرا رہے ہوتے ہیں۔

★ جب تک ہم اللہ کے راستے پر چلتے رہیں گے
کوئی طاقت ہمیں اپنے سامنے نہیں جھکا سکتی۔

★ اپنے والدین سے ہم کلام رہو یوں
وہ بوڑھے جوان رہتے ہیں۔

★ جس شخص پر نصیحت اثر نہ کرے
وہ سمجھ لے کہ اس کا دل ایمان سے خالی ہے۔

★ جب رشتے سچے ہوں تو زیادہ سنبھالنے نہیں پڑتے
اور جن رشتوں کو سنبھالنا پڑے وہ سچے نہیں ہوتے

# لطیفے

ایک کوچوان (دوسرے کوچوان سے): تمہارا گھوڑا سوکھی گھاس  بڑے شوق سے کھا رہا ہے۔
جب کہ میرا گھوڑا تو صرف ہری گھاس کھاتا ہے
دوسرا کوچوان (بڑے فخر سے): میں نے گھوڑے کی آنکھوں پر ہرے شیشوں کا چشمہ لگایا ہوا ہے۔

استاد بچوں سے: اچھا بتاؤ دن میں تارے کیوں نہیں نکلتے۔۔۔؟
ایک بچے نے معصومیت سے جواب دیا۔سر وہ  سورج کے راستے میں ٹانگ نہیں اڑانا چاہتے۔

سردار کی ماں کی طبیعت خراب ہوئی تو وہ اُسے ہسپتال لے گیا۔
ڈاکٹر نے کہا اس کے دو ٹیسٹ ہوں گے۔
سردار نے زور زور سے رونا شروع کر دیا اب کیا ہوگا میری ماں تو ان پڑھ ہے
پہلے پتا ہوتا تو تیاری کروا کر لاتا۔

شوہر: جج صاحب مجھے طلاق چاہیے، میری بیوی نے ایک سال سے مجھ سے بات نہیں کی۔
جج: پھر سوچ لو! ایسی بیوی نصیب والوں کہ ہی ملتی ہے۔

ڈاکٹر (نوکر سے): دیکھو باہر کون آیا ہے۔
نوکر: کوئی مریض ہوگا!
ڈاکٹر: جاؤ معلوم کرو مریض نیا ہے یا پرانا۔
نوکر: نیا ہی ہوگا۔آپ کے پاس آ کر پرانا تو مشکل ہی سے بچتا ہے۔

تحقیق سے ثابت ہوا ہے
انسان کا اوپر والا ہونٹ جب
نیچے والے ہونٹ سے مل جائے
تو بکواس بند ہو جاتی ہے

فقیر: صاحب میری مدد کیجئے۔میرا سامان. بال بچے مکان روپیہ پیسہ سب جل گئے
صاحب مگر اس کا ثبوت کیا ہے؟
فقیر: جناب ثبوت بھی تھا۔مگر مکان کے ساتھ وہ بھی جل گیا۔

ڈاکٹر: جب کار ایک عورت چلا رہی تھی تو تم کو روڈ سے دور چلنا چاہیے تھا۔
مریض کونسی روڈ؟ میں تو پارک میں لیٹا ہوا تھا!


# وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں

نصیر احمد چنا

جو ادب بڑوں کے کرتے ہیں — جو دشمن سے ہی لڑتے ہیں
جو وقت پہ کھانا کھاتا ہیں — جو ہنر بھی حاصل کرتے ہیں
جو لکھتے ہیں اور پڑھتے ہیں — جو آپس میں نا جھگڑتے ہیں
جو ٹائم پہ سکول جاتے ہیں — جو اچھے بچے بنتے ہیں
وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں — وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں
جو کسی سے نہیں جھگڑتے ہیں — جو سچے بچے بنتے ہیں
جو خوش استاد سے لگتے ہیں — جو خوشیاں بانٹتے رہتے ہیں
جو عزت سبھی کی کرتے ہیں — جو مل کر محنت کرتے ہیں
جو رنگ چمن کے لگتے ہیں — جو گیت وطن کے گاتے ہیں
وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں — وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں
جو پیار آپس میں کرتے ہیں — جو نصیر نظم بھی لکھتے ہیں
جو علم بھی حاصل کرتے ہیں — جو پڑھتے ہیں وہ گاتے ہیں
جو عزت بڑوں کی کرتے ہیں — جو نظم یہ بچے گاتے ہیں
جو اندزورند بھی کرتے ہیں — جو  ان کی نظمیں سنتے ہیں
وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں — وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں
جو چاند ستارے لگتے ہیں — جو فقیر نصیر کہلاتے ہیں
جو کام وقت پر کرتے ہیں — جو گیت علم کے گاتے ہیں
جو پھول باغ کے لگتے ہیں — جو دم دم خوشیاں پاتے ہیں
جو دشمن سے نہیں ڈرتے ہیں — جو علم سے سب کچھ پاتے ہیں
وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں — وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں

# ننھے آرٹسٹ

## بچوں کی تخلیقات



نورالولیجہ ،کلاس پنجم، اسلام آباد



شانزاہ رحمان ، کلاس چہارم ، جعفر آباد




ابشام ، کلاس اول ، اسلام آباد



کلثوم ، کلاس اول، اسلام آباد



نورالنساء، 6سال، سکھر



نورالولیجہ ،کلاس پنجم، اسلام آباد

# حکایات سعدی

## رزق پہچانے کاانتظام اللہ کی طرف سے ہے

حضرت شیخ سعدیؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک درویش ایک جنگل میں سفر کر رہا تھااس نے ایک لنگڑی لومڑی کو دیکھا جو بے بسی کی چلتی پھرتی تصویر تھی۔اس درویش کے دل میں خیال آیا کہ اس لومڑی کے رزق کا انتظام کیسے ہوتا ہوگا جبکہ یہ شکار کرنے کے بھی قابل نہیں ہے ؟درویش ابھی یہ بات سوچ رہا تھا کہ اس نے ایک شیر کو دیکھا جو منہ میں گیڈر دبائے اس لومڑی کے نزدیک آیا۔اس نے گیڈر کے گوشت کا کچھ حصہ کھایا اور باقی وہیں چھوڑ کر چلا گیا۔لومڑی نے اس باقی کے گوشت میں سے کھایا اور اپنا پیٹ بھرا۔درویش نے جب سارا ماجرا دیکھا تو اسے اتفاق قرار دیا اور یہ دیکھنے کیلئے کہ یہ لومڑی دوبارہ اپنا پیٹ کیسے بھرے گی وہیں قیام کیا۔

اگلے روز بھی وہی شیر منہ میں گیڈر دبائے اس جگہ آیا اور اس نے کچھ گوشت کھانے کے بعد باقی ویسے ہی چھوڑ دیا۔لومڑی نے وہ باقی گوشت کھالیا اور اپنا پیٹ بھر لیا۔درویش سمجھ گیا کہ اس کے رزق پہنچانے کا انتظام اللہ کی طرف سے ہے۔اس نے دل میں فیصلہ کر لیا کہ میں بھی اب اپنے رزق کے لئے کوئی جستجو نہیں کروں گا اور میرا رزق اللہ عزوکل مجھے خود پہنچادے گا جس طرح لنگڑی لومڑی کو شیر کے ذریعے رزق پہنچا رہا ہے۔درویش یہ فیصلہ کرنے کے بعد ایک جگہ جاکر اطمینان سے بیٹھ گیا۔اسے یقین تھا کہ اس کا رزق بھی اسے پہنچ جائے گا مگر کئی دن گزر گئے اس کے لئے کھانے کی کوئی شے نہ آئی یہاں تک کہ وہ کمزوری کی انتہا کو پہنچ گیا۔اس دوران اس نے نزدیک ایک مسجد کے محراب سے یہ آواز سنی کہ اے درویش کیا تو لنگڑی لومڑی بننا چاہتا ہے یا پھر شیر جو اپنا شکار خود کرتا ہے جس میں سے خود بھی کھاتا ہے اور دوسروں کو بھی کھلاتا ہے۔

### مقصود بیان

حضرت شیخ سعدی اس حکایت میں بیان کرتے ہیں کہ رزق پہنچانے کا انتظام اللہ کی طرف سے ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ بندہ اچھا بھلا ہو اور وہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائے کہ اللہ عزوجل نے جب رزق دینے کا وعدہ کیا ہے تو وہ اسے بیٹھے بٹھائے رزق پہنچائے گا بلکہ اس کے لئے اسے جستجو کرنا ہوگی 'محنت کرنا ہوگی پھر اللہ عزوجل سے امید لگانا ہوگی کہ وہ اس کے رزق کا انتظام کرے گا۔وہ لوگ جو محتاج ہیں اور محنت نہیں کر سکتے ان کیلئے اللہ عزوجل نے ایسا انتظام کر رکھا ہے کہ انہیں ان کا رزق ملتا رہتا ہے۔

## بے عیب ذات

حضرت شیخ سعدی رحمۃاللہ تعالی علیہ بیان کرتے ہیں کہ ایک نوجوان بے حد حسین و جمیل تھا اور اس کے ساتھ ساتھ وہ نیک اطوار کا بھی مالک تھا وہ نوجوان علم کی دولت سے بھی مالا مال تھا اور جس موضوع پر بھی گفتگو کرتا لوگ اس کی جانب متوجہ ہو جاتے اور نہایت انہماک سے اسے سنتے تھے۔اس کے فیصلوں کی قدر کی جاتی تھی اور وہ ایسا روشن چراغ تھا جس کے سامنے کسی دوسرے چراغ کی روشنی مانند تھی۔ان تمام خوبیوں کے باوصف اس میں ایک عیب یہ تھا کہ وہ الفاظ کو ان کے صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کرنے کی قدرت نہ رکھتا تھا۔

ایک روز ایک بزرگ کی محفل میں اس نوجوان کا ذکر ہوا تو میں نے اس نوجوان کی اس کمزوری کا ذکر کیا اور پھر اپنی رائے دیتے ہوئے کہا کہ میرے نزدیک اس کی گفتگو میں یہ نقص اس لیے ہے کہ اس کے سامنے کے دانت صحیح نہیں ہیں۔

میری بات سننے کے بعد وہ بزرگ ناراض ہوتے ہوئے بولے کہ مجھے حیرانگی ہوتی ہے کہ اتنی خوبیاں دیکھنے کے بعد بھی تم اس نوجوان کی ایک معمولی عیب پر نظر رکھے ہوئے ہو کیا یہ افسوس کا مقام نہیں کہ طاؤس کو دیکھنے والے کی نظر اس کے بدزیب پیروں پر ہی مرکوز رہے۔بہتر تو یہ ہے کہ انسان ہنر اور خوبیاں دوسروں کی ذات میں تلاش کرے اور عیب اپنی ذات کے دیکھے یاد رکھو کہ دنیا میں اچھائیاں بھی ہیں اور برائیاں بھی جس طرح گلزار میں پھول بھی ہوتے ہیں اور خار بھی جس کا دل میلا ہو اسے ہر چیز میلی نظر آتی ہے جس کا دل روشن ہو اسے ہر چیز روشن نظر آتی ہے۔

### مقصود بیان

حضرت شیخ سعدی رحمۃاللہ تعالی علیہ اس حکایت میں بیان کرتے ہیں کہ بے عیب ذات صرف اللہ عزوجل ہی کی ہے پس دوسروں کی ذات میں عیب تلاش کرنے سے بہتر ہے کہ اپنی ذات میں موجود عیبوں پر نگاہ دوڑائی جائے اور ان کو دور کرنے کی کوشش کی جائے اور دوسروں کے اندر موجود اچھی باتوں کو اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔

# ضمیر

دانیال روف

قدرت نے انسان کو ایک ایسی بڑی نعمت سے نوازا ہے جسے ہم ضمیر کہتے ہیں۔ جب بھی ہم سے کوئی اچھائی یا برائی سرزد ہو تو یہ اپنے خصوصی سگنل جاری کرتا ہے۔ ان سگنلز میں کبھی شرمندگی کا احساس نمایاں ہوتا ہے تو کبھی کبھی ضمیر سے آپ کو "ویری گڈ" کی آواز آتی ہے۔ آپ کسی یتیم کے سر پر دستِ شفقت رکھتے ہیں یا کسی نابینا کو اپنا ضروری کام چھوڑ کر سڑک پار کرواتے ہیں تو آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کے ضمیر نے آپ کو شاباش دی ہے۔ پیار سے تھپکی دی ہے۔ انسان خود میں عجیب طرح کی تازگی اور طاقت محسوس کرتا ہے۔

جب ہم اپنے کسی نوکر کو جھڑکیاں دیتے ہیں، کسی فقیر کو کوستے ہیں یا کوئی بھی ایسا عمل کرتے ہیں جس کی ہمیں ممانعت کی گئی ہے تو یہ ضمیر تنگی محسوس کرتا ہے۔ ایک ایسا سگنل بھیجتا ہے جس سے ہمیں بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ شاید یہ کام کچھ درست نہیں ہوا۔


# زندگی

دانیال روف

زندگی میں ہمارے ساتھ چلنے والا ہر شخص اس لیے نہیں ہوتا کہ ہم ٹھوکر کھا کر گریں اور وہ ہمیں سنبھال لے ہاتھ تھام کر، گرنے سے پہلے یا بازو کھینچ کر گرنے کے بعد، بعض لوگ زندگی کے اس سفر میں ہمارے ساتھ صرف یہ دیکھنے کے لیے ہوتے ہیں کہ ہم کب کہاں اور کیسے گرتے ہیں۔ لگنے والی ٹھوکر ہمارے گھٹنوں کو زخمی کرتی ہے یا ہاتھوں کو، خاک ہمارے چہرے کو گندا کرتی ہے یا کپڑوں کو، زندگی میں ہر انسان سے ہر فیصلہ صحیح نہیں ہو سکتا، بعض فیصلے انسان غصے اور جلد بازی میں کرتا ہے، اور بعض جذبات میں مجبور ہو کر اور کہیں کہیں عقل و ہوش کچھ دیر کے لئے انسان کا ساتھ ضرور چھوڑ دیتے ہیں کبھی نہ کبھی حماقت، عقل پر قبضہ کر لیتی ہے، چاہے وہ چند لمحوں کے لئے ہی کیوں نہ ہو۔



# اب ہر چیز کا کنٹرول آپ کے ہاتھ میں



محمد عاریب

آج جدید ٹیکنالوجی کی بدولت ہم اپنی روزمرہ زندگی میں ایسی بہت سے آلات کا استعمال کر رہے ہیں، جن کو کنٹرول کرنے کے لیے ہمیں کسی ریموٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ مارکیٹ میں جب پہلی بار ریموٹ ٹیکنالوجی متعارف کرائی گئ، تو اسے بے حد سراہا گیا تھا اور اسے ٹیکنالوجی کی دنیا میں ایک اہم پیش رفت سمجھا جانے لگا تھا۔

پہلے پہل ٹیلی وژن کے چینل بدلنے، آواز بڑھانے یا کم کرنے کے لیے خود اٹھ کر صارف کو ٹیلی وژن کے پاس جانا پڑتا ہے۔ جس سے بلاوجہ کی ایکسرسائز ہو جاتی تھی، تاہم ریموٹ کنٹرول ٹیکنالوجی آنے سے یہ مشکل آسان ہو گئی۔ لیکن آج ہم ٹیلی وژن کے علاوہ بھی بہت سی ڈیوائسز کے لیے ریموٹ کا استعمال کر رہے ہیں۔ جن میں اے سی، مائیکروویو، ڈی وی ڈی، پروجیکٹرز اور سیٹ اپ باکس وغیرہ سرفہرست ہیں۔ اتنے زیادہ ریموٹس کہ سنبھالنا اب صارفین کے لیے دردِ سر بن گیا ہے۔

جس کا حل ایک امریکی کمپنی "سیون ہگ" نے نکال لیا ہے کمپنی نے ایک ایسا جدید ترین ٹچ سکرین ریموٹ تیار کیا ہے، جو دکھنے میں سمارٹ فون سے مطابقت رکھتا ہے، اس ریموٹ کے ذریعے آپ ۲۵ ہزار مختلف طرح کی ڈیوائسز کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ اب چاہے آپ کسی بھی کمپنی کی ڈیوائس لے آئیں، بس ایک ریموٹ سے اسے کنٹرول کر سکتے ہیں۔ اس ریموٹ میں بلیوٹوتھ، وائے فائے، اور مختلف طرح کے سینسر بھی شامل کیے گئے ہیں۔ اس ریموٹ میں ٹمپریچر تھرمامیٹر اور ہوا میں نمی معلوم کرنے کا پیمانہ بھی شامل کیا گیا ہے، ساتھ ہی اس ریموٹ کے ذریعے ٹیکسی بھی بلا سکتے ہیں۔

# قیں قیں کا رومال

آمنہ خورشید

میرے سوہنے موہنے بچو! یہ کہانی ہے ایک بطخ کی جو جنگل میں تالاب کے کنارے رہا کرتی تھی۔ اس کا نام قیں قیں تھا اور اس کے پر سفید اور پاؤں نارنجی رنگ کے تھے۔ ایک دن قیں قیں نے صبح اٹھ کر منہ ہاتھ دھویا اور سبزی کی ٹوکری اٹھا کر بندر میاں کی دکان کی طرف چل دی۔ دکان پر پہنچ کر اس نے دیکھا۔ بندر میاں شہد کی بوتلیں بھی لائے ہوئے تھے۔ ''بھائی! یہ شہد بھی مجھے دے دیں۔ کیا یہ تازہ شہد ہے؟'' قیں قیں نے بوتل کو غور سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔ ''بالکل! ابھی ابھی بھالو میاں دے کر گئے ہیں۔ یہ لیں!'' یہ کہتے ہوئے بندر میاں نے شہد کی ایک بوتل قیں قیں کو تھما دی۔ جب قیں قیں نے بوتل اٹھا کر اپنی ٹوکری میں رکھی تو تھوڑا سا شہد اس کے ہاتھ پر بھی لگ گیا۔ قیں قیں نے فوراً اپنے فراک پر رگڑ کر ہاتھ صاف کیا۔ پھر اس نے سبزی والی ٹوکری اٹھائی اور گھر آ گئی۔

دوپہر کو قیں قیں نے سوچا۔ دھوپ اچھی نکلی ہوئی ہے۔ کیوں نہ گھر کی باہر والی دیوار پر رنگ کر لوں۔ یہ سوچ کر اس نے رنگ کا ڈبہ اور برش اٹھایا اور باہر آ گئی۔ رنگ کرتے ہوئے کئی بار اس نے اپنے کپڑوں سے ہی ہاتھ صاف کیے جس کی وجہ سے اس کا فراک اب بے حد گندا لگنے لگا تھا۔ ابھی آدھی دیوار ہی رنگ ہوئی تھی کہ قیں قیں کو بھوک لگنے لگی۔ اس نے برش اور رنگ کا ڈبہ سیڑھی کے ساتھ لٹکایا اور کچن میں چلی گئی۔ پھر اس نے چھوٹی سی مچھلی تلی اور کیچپ کے ساتھ کھالی۔ کھانا کھا کر اس نے کیچپ والی انگلیاں فراک سے ہی رگڑ کر صاف کیں اور باہر چلی آئی۔ ابھی وہ رنگ مکمل کر کے تھوڑا دور ہٹ کر کھڑی دیوار کو دیکھ رہی تھی کہ تالاب سے آواز آئی۔ ''ٹرٹر! ٹرٹر! کیا مجھے تھوڑی سی ڈبل روٹی مل سکتی ہے؟'' یہ ایک مینڈک تھا۔ ''ہاں کیوں نہیں!'' یہ کہہ کر قیں قیں اندر گئی اور فریج سے ڈبل روٹی لا کر مینڈک کو تھما دی۔ ''اف! قیں قیں! تمھارے کپڑوں سے کتنی بدبو آ رہی ہے۔'' مینڈک نے ایک ہاتھ اپنے ناک پر رکھا اور دوسرے ہاتھ سے ڈبل روٹی لیتے ہوئے کہا۔ ''جی نہیں! یہ تو بس میں رنگ کر رہی تھی۔'' قیں قیں نے کہنے کی کوشش کی لیکن مینڈک اس کی پوری بات سنے بغیر تالاب میں واپس چلا گیا۔ قیں قیں وہیں گھاس پر کھڑی رہ گئی۔ اسے بہت غصہ آ رہا تھا۔ ''اب یہ میرے پاس آئے گا تو میں اسے کچھ نہیں دوں گی۔'' وہ ابھی یہی سوچ ہی رہی تھی کہ دور سے قیں قیں کی خالہ آتی نظر آئیں۔ ''قیں قیں بیٹا! میں نے سوچا کئی دن ہوئے تم سے ملی نہیں۔ بس اسی لیے۔۔۔'' خالہ جان بات کرتے کرتے رک گئیں۔ وہ قیں قیں کو دیکھ کر حیران رہ گئی تھیں۔ ''ارے! یہ تم نے اپنا کیا حال بنایا ہوا ہے قیں قیں! کیا تم نہا دھو کر کپڑے نہیں بدلتی؟ خالہ جان! امم۔۔۔ میں رنگ کر رہی تھی تو اسی لیے کپڑے خراب ہو گئے۔ آیئے آپ اندر بیٹھیں! قیں قیں نے خالہ جان کو کمرے میں بٹھایا اور خود کچن میں آ گئی۔ ہمیشہ کی طرح وہ کپڑے تبدیل کرنا بھول گئی اور کھانا بنانے میں مصروف ہو گئی۔ سب کچھ تیار کر کے اس نے ٹوکری میں سے دہی کا پیکٹ نکالا۔ اسے کھولتے ہوئے کچھ دہی اس کے ہاتھ پر لگ گیا۔ اس نے ٹشو کے لیے ادھر ادھر نظر دوڑائی پھر اس نے سوچا۔ ''اب کون سٹور سے ٹشو کا رول نکال کر لائے۔'' یہ سوچ کر اس نے دونوں ہاتھ اپنے کپڑوں سے صاف کر لیے۔ ''ٹھک ٹھک ٹھک! قیں قیں! کیا میری امی یہاں ہیں؟'' یہ قیں قیں کی کزن تھی۔ ''ہاں! وہ میرے گھر ہیں۔'' یہ کہہ کر قیں قیں نے دروازہ کھولا۔ وہ اپنی کزن بطخو کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔ بطخو آگے آئی اور اس سے گلے ملنے لگی۔ پھر اچانک وہ رک گئی اور تھوڑا دور ہٹ کر بولی۔ ''معاف کرنا قیں قیں! تمھارے کپڑے بہت گندے ہیں۔ ان سے بہت بدبو آ رہی ہے۔ تم بس میری امی کو بلا دو۔'' قیں قیں جو دونوں بازو پھیلائے بطخو سے گلے ملنے لگی تھی، یونہی کھڑی رہ گئی۔ اسے بے حد اداسی ہوئی۔ وہ خاموشی سے اندر گئی اور خالہ جان کو بطخو کے آنے کا بتایا۔ خالہ جان نے قیں قیں کا شکریہ ادا کیا اور کہا۔ ''پیاری بیٹی! تم بہت اچھی بچی ہو۔ اگر تم اپنے کپڑے بھی صاف رکھنا سیکھ لو تو اس سے اچھی بات اور کوئی نہیں ہو گی۔ پھر سب کہیں گے۔ واہ! قیں قیں کتنی صاف ستھری اور اجلی بطخ ہے! اچھا ہاں! الماری کھول کر تیسرا خانہ دیکھنا۔ میں نے تمھارے لیے وہاں ایک تحفہ رکھ دیا ہے۔'' یہ کہہ کر خالہ جان بطخو کے ساتھ اپنے گھر چلی گئیں۔ قیں قیں اس رات دیر تک کچھ سوچتی رہی۔ پھر وہ اٹھی اور اس نے نہا کر صاف کپڑے پہنے۔ پھر اس نے الماری کھولی تو تیسرے خانے میں ایک بہت پیارا، اون سے بُنا ہوا سرخ رومال رکھا تھا۔ رومال پر خالہ جان نے قیں قیں کی تصویر بھی دھاگوں سے بنا دی تھی۔۔۔ اس وقت جب قیں قیں کھانا تیار کر رہی تھی۔

پیارے بچو! قیں قیں اب کبھی بھی اپنے کپڑوں سے ہاتھ صاف نہیں کرتی۔ بلکہ وہ اپنے فراک کی جیب میں سرخ رومال رکھتی ہے۔ جب بھی اس کے ہاتھ گندے ہوں تو وہ رومال سے اپنے ہاتھ صاف کرتی ہے۔ اس طرح اس کے کپڑے گندے نہیں ہوتے۔ میرے بچو! صاف ستھرا رہنے کو اللہ پاک بہت پسند کرتے ہیں۔ صفائی نصف ایمان ہے۔ کبھی بھی اپنے کپڑوں کو گندا نہ ہونے دیں۔ ہاتھ ہمیشہ رومال سے صاف کریں۔ جی ہاں! اسی رومال سے جو آپ کی امی جان آپ کے لیے لائی ہیں اور جو ابھی تک آپ کی الماری کے تیسرے خانے میں پڑا ہوا ہے!

# ملّاح کی دور اندیشی

درس قرآن ڈاٹ کام کا سلسلہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک ملک کی ملکہ نے نے اپنے سب سے بڑے جہاز کے کپتان کو بلا کر کہا۔فوراً بادبان چڑھاؤ، لنگر اٹھاؤ اور جہاز لے کر روانہ ہو جاؤ۔تم کوشش کر کے دنیا کے ان حصوں میں بھی جاؤ جہاں اب تک جانے کا اتفاق نہیں ہوا ہے اور وہاں جو چیز تم کو سب سے زیادہ عمدہ، عجیب اور قیمتی نظر آئے، جہاز میں بھر کر لے آؤ۔ قیمت کی ہرگز پروانہ کرنا۔ میں ایک بار اپنے ملک والوں کو ایسی چیز دکھانا چاہتی ہوں جسے حقیقی معنوں میں سب سے زیادہ قیمتی اور ایک آسمانی نعمت کہا جا سکے۔''اب سوچ بچار کی ضرورت نہیں تھی۔ کپتان فوراً ساحل پر پہنچا۔اپنے سب ملاحوں کو جمع کیا اور جہاز کے بادبان کھول کر اس کا لنگر اٹھایا۔ جہاز چل پڑا اور کچھ دیر بعد سمندر کے بیچ میں پہنچ گیا۔اس وقت اس نے اپنے تمام نائبوں اور کارکنوں کو بلا کر مشورہ کیا کہ کہاں چلنا اور کیا خریدنا چاہیے۔ جتنے منہ اتنی ہی باتیں۔کسی نے کہا کہ عمدہ ریشم سے بہتر کوئی چیز نہیں ہو سکتی۔ کسی نے کہا کہ ایسے زیورات خریدے جائیں جن کی بناوٹ اور ساخت بالکل نئی ہو۔کسی نے کہا کہ کیوں نا اعلیٰ قسم کے نیلم، زمرد، لعل و یاقوت یا بڑے بڑے موتی خریدے جائیں اور پھر اپنی نگرانی میں ان کے زیورات تیار کرائے جائیں۔لیکن ان سب چہ مگوئیوں کے دوران میں ایک کمزور سا ملاح، جس کے بارے میں کہا جا سکتا تھا کہ وہ ہمیشہ فاقے کرتا رہا ہے، کسی قدر ہچکچاتا ہوا بولا۔''معلوم ہوتا ہے کہ تم لوگوں پر کبھی برا وقت نہیں آیا، اس لیے تم کسی چیز کی صحیح قدر و قیمت کا اندازہ نہیں کر سکتے۔ بتاؤ جب تم بری طرح بھوکے یا پیاسے ہو تو کون سا ہیرا یا موتی، زیور یا کپڑا کھا پی کر زندہ رہ سکتے ہو۔اطمینان کی زندگی کے لیے خوراک کا ایک لقمہ، پانی کا ایک گھونٹ اور عمدہ ہوا میں ایک سانس سب سے زیادہ قیمتی ہے۔اس لیے کھانے کی چیزوں کی اہمیت سب سے زیادہ ہے اور کھانے کی چیزوں میں ہمارے لیے بنیادی غذا ہے۔ دنیا میں اس سے زیادہ قیمتی چیز کوئی نہیں۔ میں نے زندگی میں بہت سے فاقے کرنے کے بعد یہ رائے قائم کی ہے۔اگر تم بھی ان پہلوؤں پر غور کرلو تو میرے ہم خیال ہو جاؤ گے۔سب لوگ حیران رہ گئے۔ملاح کی بات ان کے دل میں اتر گئی۔سب نے یک زبان ہو کر کہا۔ گیہوں سب سے زیادہ قیمتی چیز ہے۔پورا جہاز اس سے بھر لیا جائے کہ جب قحط بھی پڑے تو اس کا مقابلہ ہو سکے۔لہٰذا جہاز کا رخ سرزمین مصر کی طرف پھیر دیا گیا جہاں کا گیہوں سب سے زیادہ اچھا اور صحت بخش ہوتا ہے۔ وہاں پہنچ کر کپتان نے گیہوں کے مالکان سے ملاقات کی اور بڑے بڑے ذخیرے خرید کر جہاز کے اوپر تک لاد لیا۔اب ادھر کی سنئے۔جہاز روانہ ہو جانے کے بعد خدا کی کرنی ایسی ہوئی کہ اس پورے خطے میں سمندری طوفان کی صورت میں بڑی آفت آ پہنچی جسکی وجہ سے تمام کھیت، فصلیں اور بڑی تعداد میں لوگوں کے مکانات وغیرہ زیرِ آب آ گئے اور فصلوں کو شدید نقصان پہنچا۔حالت یہاں تک آ پہنچی کہ وہ خطہ جہاں رزق کی کمی نہیں تھی، وہاں لوگوں کو فاقے کرنے پڑ رہے تھے۔خود ملکہ کے گودام بھی غلے اور دیگر کھانے پینے کی اشیاء سے خالی ہو گئے تھے۔ایسے میں وہاں کے لوگوں سمیت اس ملکہ کے بھی ہوش ٹھکانے آ گئے تھے۔اس کی صحت دن بدن گرتی جا رہی تھی۔پورے ملک میں سخت مایوسی کی کیفیت پھیلی ہوئی تھی۔ یہاں تک کہ ایک روز بہت دور سمندر کے سینے پر جہاز کے مستول نظر آئے۔ بچے، بوڑھے، عورت، مرد سب طرح طرح کے خیالی پلاؤ پکا رہے تھے کہ نہ جانے جہاز پر وہ کونسی قیمتی چیز آئے گی۔زندگی میں پہلی بار دنیا کی سب سے زیادہ قیمتی چیز دیکھنے کے لیے سب ہی لوگ بے تاب تھے۔اور جب جہاز لنگر انداز ہوا اور کپتان اتر کر اپنی مالکہ کے پاس پہنچا جو جہاز کی خبر سن کر بیماری کے باوجود ساحل تک چلی آئی تھی تو اس نے کہا۔محترمہ میں ایک بہت ہی قیمتی چیز لایا ہوں جو حقیقتاً زندگی کا سہارا ہے۔یہ سن کر عورت کے چہرے پر حیرانی پھیل گئی۔ وہ کیا؟ عورت نے پیشانی پر بل ڈالتے ہوئے پوچھا۔آپ اس سے واقف ہوں گی اسے کہتے ہیں گیہوں۔ کپتان نے جواب دیا۔گیہوں؟ ملکہ نے حیران ہو کر آخری لفظ دہرایا۔کیا کہا، گیہوں؟ اردگرد کھڑے لوگوں نے جب یہ خبر سنی تو وہ خوشی سے چلا اٹھے، اور گیہوں کے نعرے لگانے لگے۔ملکہ نے اردگرد کے لوگوں کے یہ تاثرات دیکھے تو اس کے چہرے پر موجود حیرانی کی جگہ مسکراہٹ پھیل گئی اور وہ بھی خوشی سے چلا اٹھی۔ گیہوں......واہ کمال کر دیا۔اس کڑے وقت میں وافر مقدار میں گیہوں کی صورت میں کوئی دوسری چیز قیمتی ہو ہی نہیں سکتی تھی۔عورت نے گیہوں کا ایک حصہ اپنے گودام میں رکھوا دیا جبکہ بقیہ چھ حصے عوام میں تقسیم کروا دیئے۔یوں اس کمزور سے ملاح کی دور اندیشی سے نہ صرف ملکہ خوش ہوئی بلکہ خطے کے لوگ بھی اس خزانے سے مستفید ہو گئے۔

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| 1 | ملاح کی دوراندیشی | 02 |
| 2 | قیں قیں کا رومال | 03 |
| 3 | ضمیر | 04 |
| 4 | زندگی | 04 |
| 5 | اب ہر چیز کا کنٹرول آپ کے ہاتھ میں | 04 |
| 6 | حکایات سعدی | 05 |
| 7 | ننھے آرٹسٹ | 06 |
| 8 | لطیفے | 07 |
| 9 | وہ بچے ہی اچھے لگتے ہیں | 07 |
| 10 | بچوں کی حفاظت | 08 |
| 11 | اقوال زریں | 08 |
| 12 | پاکستان کی معلومات | 09 |
| 13 | میری حفاظت | 11 |
| 14 | کورونا سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر | 12 |



مدیر اعلیٰ — منیزے بانو

مدیران — وقاص حمید، مریم خالد، سہیل احمد

اردو ایڈیٹنگ — رضوانہ اختر

میگزین کا ڈیزائن اور سرورق — محمد ریحان


# اداریہ

ہیلو بچوں!

اسلام وعلیکم

امید ہے کہ آپ کووڈ۔19 سے محفوظ ہیں

ساحل ہر سال بچوں کیلئے ایک میگزین شائع کرتا ہے ہم پر جوش ہیں کہ آپ نئے عنوانات پر مشتمل مواد پڑھنے کیلئے تیار ہیں۔

ساحل کے اس شمارے میں آپ کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر، پاکستان کے دلچسپ حقائق، نظمیں، مختصر کہانیاں، پہیلیاں اور بہت کچھ پڑھنے کو ملے گا۔

آپ کے تاثرات کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں اور اسی سے ہمیں موقع ملتا ہے کہ ہم بہترین مواد منتخب کریں۔ آپ بچوں کے اگلے میگزین کیلئے ہمیں اپنی نظمیں، کہانیاں، پینٹنگز اور دیگر مواد بھیج سکتے ہیں۔

آپ اپنی رائے سے ہمیں اس پتہ پر آگاہ کر سکتے ہیں۔


ساحل،

آفس نمبر 13، فرسٹ فلور

البابر سینٹر، ایف ایٹ مرکز

اسلام آباد۔ پاکستان

اور ہمارے ای۔میل mag@sahil.org پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں


میگزین کے لیے اپنی پینٹنگز، کہانیاں، نظمیں اور لطیفے درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔


ایڈیٹر

ساحل ہیڈ آفس 13

فرسٹ فلور، البابر سنٹر، ایف ایٹ مرکز،

اسلام آباد۔ پاکستان

ای میل: mag@sahil.org

# خبردار!

## کبھی بھی کسی سے کوئی مفت تحفے مت لیں۔



ساحل

بچوں پر جنسی تشدد کے خلاف

ہر بچہ محفوظ

**#SafetyFirst**

www.sahil.org

ہر بچہ محفوظ، محکم اور باحفاظت

# ساحل

sahil.org

اکتوبر۔دسمبر 2020

ساحل
بچوں پر جنسی تشدد کے خلاف
ہر بچہ محفوظ

www.sahil.org https://www.facebook.com/sahil.ngo https://twitter.com/sahil_NGO mag@sahil.org

## چلو پھر اسکول چلیں

